# 1745 ـ کسی دوسرے کی جانب سے حج کرنے کا طریقہ اوراس میں حج کی قسم

**سوال**

کسی مرض کی بنا پرعاجز شخص یا پھر فوت شدہ کی جانب سے حج کرنے والے کے لیے حج کا طریقہ کیا ہے ، اورکیا اس کے لیے لازم ہے کہ حج تمتع یا افراد میں کوئي قسم اختیار کرے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

کسی کی جانب سے حج کرنے والا ( لبيك عن فلان ) کہے ، اورنائب کے لیے واجب ہے کہ وہ حج تمتع کرے کیونکہ حج تمتع افضل ہے ، اورہروہ انسان جسے کسی چیز میں وکیل بنایا جائے تواس پرافضل کی اتباع کرنی واجب ہوگی۔

لیکن جب اس کا مؤکل خود ہی اس کے خلاف اختیارکرلے ، اس لیے کہ وکیل کے پاس یہ امانت ہے اوراس پرواجب ہےکہ وہ زیادہ اچھا کام کرے ۔ .